1

کسان کی دُعا

4510CH01

اے جگ داتا، جگ کے سہارے   اے ہم سب کے پالن ہارے

کھیتوں کو پانی سے بھردے

ندّی نالے جل تھل کردے

اے جگ داتا، جگ کے سہارے   اے ہم سب کے پالن ہارے

ہر کوٹھے میں دھان بھرے ہوں

گیہوں سے کھلیان بھرے ہوں

خوش ہوں گاؤں والے سارے

© NCERT not to be republished

اے جگ داتا، جگ کے سہارے اے ہم سب کے پالن ہارے

ہریالی ہو دھرتی ساری
چارا پائیں گائیں ہماری
بہنے لگیں پھر دودھ کے دھارے
اے جگ داتا، جگ کے سہارے اے ہم سب کے پالن ہارے

(افسرؔ میرٹھی)

© NCERT not to be republished

مشق

لفظ اور معنی:

جگ داتا	:	اللہ، دنیا کو دینے والا
پالن ہار	:	پالنے والا، پرورش کرنے والا
جل تھل کر دینا	:	پانی سے بھر دینا
کوٹھا	:	اناج رکھنے کی جگہ، گودام
کھلیان	:	وہ جگہ جہاں فصل کاٹ کر رکھی جاتی ہے

غور کیجیے:

- اس نظم میں جگ داتا، جگ کے سہارے اور پالن ہارے خدا کو کہا گیا ہے۔ یہاں شاعر نے اچھّی بارش، اچھّی فصل، جانوروں کے لیے چارے، ہر طرف ہریالی اور خوش حالی کی دعا کی ہے۔

سوچیے، بتائیے اور لکھیے:

1۔ 'ندّی نالے جل تھل کر دے' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

2۔ 'ہر کوٹھے میں دھان بھرے ہوں' کا مطلب لکھیے۔

3۔ گاؤں والے کب خوش ہوتے ہیں؟

4۔ دودھ کے دھارے بہنے کے کیا معنی ہیں؟

5۔ کھلیان کسے کہتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

نیچے دیے ہوئے مصرعوں کو صحیح لفظوں سے مکمّل کیجیے :

کھیتوں کو .... سے بھر دے

ندّی .... جل تھل کر دے

ہر کوٹھے میں .... بھرے ہوں

گیہوں سے .... بھرے ہوں

ہریالی ہو .... ساری

چارا پائیں .... ہماری

نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنائیے اور خالی جگہ میں لکھیے :

پالن ہار	....
جل تھل	....
کھلیان	....
دھرتی	....
چارا	....

پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے :

کسان

کھیت

پانی

گیہوں

◆ اوپر دیے ہوئے الفاظ کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام ہیں۔

© NCERT not to be republished

کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو 'اِسم' کہتے ہیں۔

- آپ بھی اس نظم سے چھے اسم تلاش کر کے دی ہوئی جگہوں میں لکھیے:

- .... - .... - ....
- .... - .... - ....

نیچے دی ہوئی تصویروں کو غور سے دیکھیے اور ان کے نیچے اس نظم کے وہ بند لکھیے جن میں ان تصویروں کو الفاظ میں ڈھالا گیا ہے:



- ....
- ....

- ....
- ....
- ....

- ....
- ....
- ....

© NCERT not to be republished

مثال کے مطابق نیچے دیے ہوئے لفظوں کی جمع بنائیے:

مثال: بچّہ ← بچّوں ، بچّے

- کوٹھا ← .... ، ....
- ندی ← .... ، ....
- لاٹھی ← .... ، ....
- کتاب ← .... ، ....

نظم کے مطابق نیچے دیے ہوئے لفظوں کے جوڑے بنا کر لکھیے:

مثال: داتا ، جگ

- جگ + داتا = جگ داتا
- .... + ... = ...
- .... + ... = ...
- .... + ... = ...
- .... + ... = ...

© NCERT not to be republished

نیچے دی ہوئی تصویروں کو پہچانیے اور ان کے نام لکھیے :

◆ ....

◆ ....

◆ ....

◆ ....

◆ ....

© NCERT not to be republished

بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے :

دھان   گیہوں   کھلیان   سہارے   کھیت

اس نظم کو زبانی یاد کیجیے :



© NCERT not to be republished